شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

10 جنوری 2025ء

پریس ریلیز

اسرائیل کا ناجائز صہیونی ریاست کی سرحدوں میں فلسطین، اردن، لبنان اور شام کو شامل کر کے ”تاریخی نقشہ“ جاری کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): اسرائیل کا ناجائز صہیونی ریاست کی سرحدوں میں فلسطین، اردن، لبنان اور شام کو شامل کر کے ”تاریخی نقشہ“ جاری کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ یہ بات تنظیمِ اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بشار الاسد کی حکومت کے خاتمہ پر شام کے مسلمانوں نے یقیناً سکھ کا سانس لیا ہے جن کو گزشتہ 54 سالوں سے اسد خاندان کی طرف سے مسلسل ناقابل بیان وحشیانہ ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جا رہا تھا۔ اسد خاندان نے مسلمانوں کی بستیوں کی بستیاں مسمار کر دیں اور ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بشار الاسد نے بلا مبالغہ لاکھوں شامی مسلمانوں کا قتلِ عام کیا۔ 2.2 کروڑ پر مشتمل اِس ملک میں تقریباً نصف آبادی کو اپنے ہی ملک میں بے گھر کر دیا گیا۔ کئی لاکھ شامی مسلمان دیگر ممالک میں ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئے جن میں سے ہزاروں سفر کے دوران ہی جان بحق ہو گئے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ شام کی نئی حکومت کے سربراہ جن کی جوانی کا بیشتر حصّہ ایک مجاہد کے طور پر گزرا ہے، اُن کو صہیونیوں کے گریٹر اسرائیل کے منصوبہ کا صحیح ادراک کرنا ہوگا۔ اسرائیل گولان کی پہاڑیوں پر مکمل قبضہ کر کے شام میں آگے بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ جس کا واضح ثبوت اسرائیل کی جانب سے جاری کردہ حالیہ ”تاریخی نقشہ“ ہے جس میں ناجائز صہیونی ریاست کی سرحدوں میں فلسطین، اردن، لبنان اور شام سب کو شامل کیا گیا ہے اور جس کی اسرائیل کے ساتھ تعلقات ہونے کے باوجود متحدہ عرب امارات نے بھی مذمت کی ہے۔ بہرحال ضرورت اس امر کی ہے کہ شام کی نئی حکومت امریکہ سمیت دیگر طاغوتی قوتوں کی آشیرباد حاصل کرنے اور ”معتدل اسلام“ کا نعرہ لگانے کی بجائے ملک میں ٹھیٹ اسلامی نظام کے قیام اور نفاذ کی طرف پیش رفت کرے۔ غزہ کے مظلوم و مجبور مسلمانوں کی عملی مدد کے لیے آگے بڑھے اور فلسطین میں مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت کرنے والے حقیقی مجاہدین کے ساتھ روابط بڑھاتے ہوئے ان کی عملی مدد کرے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ 20 جنوری کو نئے امریکی صدر کے طور پر حلف اٹھانے والے ڈونلڈ ٹرمپ نے کھل کر دھمکی دے دی ہے کہ وہ غزہ میں جاری اسرائیلی جنگی جرائم کا بائیڈن سے بڑھ کر ساتھ دے گا۔ اس تناظر میں شام کی نئی حکومت اور عوام کو چاہیے کہ وہ اُن بلادِ شام کی عملی شکل اختیار کرنے پر توجہ دیں جن کے بارے میں احادیث مبارکہ میں برکتوں اور رحمتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ انہوں نے دیگر مسلم ممالک کی حکومتوں اور مقتدر حلقوں کو بھی مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تمام مسلم ممالک متحد ہو کر طاغوتی قوتوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کے لیے عملی اقدامات کریں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان